© rasailojaraid.com



ہم صرف احتمال کی حد تک کہہ سکتے ہیں کہ فلاں صورت اس کے لیے وجہ معذرت بن سکتی ہے۔ حتمی فیصلہ نہیں دے سکتے، اس لیے شرعاً مناسب یہی ہے کہ اس سے پرہیز ہی کیا جائے۔

## ۹۔ ہتھیار اور لائسنس:

لائسنس لینا ضروری ہے ورنہ انتظامیہ کی راہ میں خاصی مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔ جیسا کہ دُوسرے معاملات گھر بیٹھے انسان خود نپٹانے کا مجاز نہیں ہے۔ اس میں بھی وُہ آزاد نہیں ہے ورنہ تحفظِ نفس کے بہانہ سے خدا جانے دُنیا کہاں سے کہاں پہنچ کر دم لے۔

## ۱۰۔ حضرت سلیمانؑ اور بلقیس کا نکاح:

صحیح احادیث میں نفیاً یا اثباتاً اس کے بارے میں کچھ نہیں آیا۔ باقی رہیں اسرائیلیات؟ ان کے کیا ہی کہنے، ان کے سلسلے میں کوئی بھی شخص ضمانت نہیں دے سکتا۔

## ۱۱۔ زلیخا کا جرم:

اتنی بہرحال گنجائش مل سکتی ہے کہ یہ کہا جائے کہ: یہ فعل اچھا نہیں تھا، قرآن نے تو بہرحال بعد میں اس کا ذکر فرما ہی دیا ہے!

عوام کے علاوہ خطیبوں اور واعظوں کیلئے خصوصی تحفہ

جامِ طہور خوشخبری صبحِ صادق

تقریباً عرصہ چالیس سال سے ہندوپاکستان کے دینی جرائد میں مسلسل چھپنے والی دینی، رُوحانی، اخلاقی، اصلاحی نظمیں دو کتابوں "جامِ طہور" "صبحِ صادق" کی صورت میں چھپ گئی ہیں، برائیوں سے اجتناب، نیکیوں کی تلقین، قرآنِ کریم کی بہت سی آیات اور احادیثِ مطہرہ کا ترجمہ و مفہوم وجد آفرین اشعار کی صورت میں حمد، نعت، توحید، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، اسلام، قرآن، احادیث، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، جہاد وغیرہ کے فضائل پر مشتمل نظمیں مرد، عورت، بچے، بوڑھے سب کیلئے یکساں مفید خطیبوں اور واعظوں کیلئے تحفہ محمد عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی تو لیف، تو سے ملنے عام برنج

رحمانیہ دار الکتب امین پور بازار فیصل آباد فون ۳۲۹۱۶

© rasailojaraid.com